کتاب نما

رُوحِ قرآن، کینتھ کریگ۔ مترجم: نیاز احمد صوفی۔ ناشر: علم و عرفان پبلشرز، ۳۴- اُردو بازار، لاہور، فون: ۷۳۵۲۳۳۲۔ صفحات: ۲۳۲۔ قیمت: ۲۰۰ روپے۔

قرآن جہاں مسلمانوں کے لیے سب سے مقدس اور اہم ترین کتاب ہے وہاں غیر مسلم مفکرین اور مستشرقین نے بھی اس کتاب میں بھرپور دل چسپی لی ہے۔ ستمبر ۱۹۷۲ء میں گون وِلے سائیوسی کالج، کیمبرج، برطانیہ کے جناب کینتھ کریگ کی قرآن کے موضوع پر The Mind of the Quran کے عنوان سے کتاب منصۂ شہود پر آئی جس کا اُردو ترجمہ محترم نیاز احمد صوفی نے کیا ہے۔ یہ کتاب مصنف کی ایک اور کاوش 'وقوعِ قرآن' کے ساتھ جوڑ کر پڑھنے کے لیے ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ ''قرآن کے ان گہرے فکری تصورات کو توجہ سے سمجھنے کی کوشش کی جائے جو آج کے جدید دور میں ہماری رہنمائی کر سکتے ہیں''۔

فاضل مصنف نے نہایت فلسفیانہ انداز میں یہ کتاب تحریر کی ہے اور قرآن کے حوالے سے ایک غیر مسلم کے ذہن میں جو کچھ ہو سکتا ہے وہ سب اس کتاب میں واضح طور پر جھلکتا دکھائی دیتا ہے۔ جس تحقیق اور وسعتِ مطالعہ کے ساتھ یہ کتاب رقم کی گئی ہے اس سے فاضل مصنف کی محنت، خلوص اور احترام واضح طور پر ایک قاری کے سامنے آتا ہے۔ کتاب کے بہت سے مندرجات سے اختلاف کی واضح گنجایش موجود ہے، تاہم ایک غیر مسلم کی ذہنی سطح کی بلندی کا اعتراف بھی ازحد ضروری ہے۔ فاضل مصنف نے جن موضوعات پر بحث کی ہے وہ بھی دل چسپی سے خالی نہیں، مثلاً حفظِ قرآن کے لحاظ سے مفہوم اور اہمیت، تجوید کا فن، محکمات اور متشابہات پر بحث، تفاسیر کی روایت، انسان کی پریشانی، مغفرت کی گزارش، لا الٰہ الا اللہ، زمین کی تقدیس، خدا کے دیدار کی خواہش، ہدایت نامہ اور ہدایت کے عنوانات کے تحت نہایت عالمانہ بحث کی گئی ہے۔ مذہب اور سائنس، سیکولرازم،